# Prime Minister participates at the online Summit of NAM Contact Group

May 04, 2020

---------------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم کی غیر وابستہ ممالک کی تحریک (NAM) کے رابطہ گروپ کے آن لائن سمٹ میں شرکت

04 مئی، 2020

وزیر اعظم نریندر مودی نے 4 مئی 2020 کی شام کو منعقد ہوئی غیر وابستہ ممالک کی تحریک (NAM) کے رابطہ گروپ کی آن لائن سمٹ میں شرکت کی، جس میں جاری کووڈ 19 وبائی مرض کے بحران کے رسپانس پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

"کووڈ 19 کے خلاف متحد" کے موضوع پر منعقد ہوئی غیر وابستہ ممالک کی تحریک (NAM) کے رابطہ گروپ کی آن لائن سمٹ کی میزبانی غیر وابستہ ممالک کی تحریک (NAM) کے موجودہ چیئرمین جمہوریہ آذربائیجان کے صدر عالی جناب الہام علی اف نے کی۔ اس اجلاس کا مقصد کووڈ 19 کے خلاف جنگ میں بین الاقوامی یکجہتی کو فروغ دینا تھا، اور اس وبائی مرض سے نمٹنے کے لئے ریاستوں اور بین الاقوامی تنظیموں کی کوششوں کو متحرک کرنا تھا۔ اس تقریب میں کثیر الجہتی اور ڈپلومیسی برائے امن کے عالمی دن کو بھی منایا گیا۔

وزیر اعظم مودی کی شرکت نے غیر وابستہ ممالک کی تحریک (NAM) کے بطور ممتاز بانی ممبر کی حیثیت سے اس کے اصولوں اور اقدار سے متعلق ہندوستان کی دیرینہ وابستگی کو اجاگر کیا۔ اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے اس بحران سے نمٹنے کے لئے دنیا کی طرف سے مربوط، جامع اور مساوی رسپانس کی اہمیت پر زور دیا، انھوں نے ساتھ ساتھ میں ہندوستان کی طرف سے مقامی اور بین الاقوامی سطح پر اٹھائے گئے اقدامات کا خاکہ پیش کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے اس تحریک کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ہر ممکنہ مدد پیش کرنے کے لئے ہندوستان کے استعداد کی تاکید کی۔ وزیر اعظم نے دوسرے وائرس، خاص طور پر دہشت گردی اور جعلی خبروں کے خلاف بھی دنیا کی طرف سے جاری کوشش کی اہمیت پر زور دیا۔

وزیر اعظم مودی کے ساتھ ایشیاء، افریقہ، لاطینی امریکہ، کیریبین، اور یورپ کے ممبر ممالک کے رہنماؤں سمیت دیگر 30 سے زیادہ سربراہان مملکت اور حکومت اس اجلاس میں شریک ہوئے۔ اس سمٹ سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر پروفیسر تیجانی محمد بانڈے، اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر انتونیو گٹیرس، افریقی یونین کے چیئر پرسن موسی فاکی مہامت، یوروپی یونین

کے اعلی نمائندے جوزیف بوریل، نیز عالمی ادارہ صحت کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ٹیڈروس گیبریئس نے بھی خطاب کیا۔

مجموعی طور پر، غیر وابستہ ممالک کی تحریک (NAM) کے رہنماؤں نے کووڈ 19 کے اثرات کا اندازہ کیا، ممکنہ حل کی ضروریات اور تقاضوں کی نشاندہی کی، اور عملی طریقہ کار پر مبنی فالو آپ کے اقدامات پر زور دیا۔ سربراہی اجلاس کے بعد، رہنماؤں نے ایک اعلامیہ منظور کیا جس میں کووڈ 19 کے خلاف جنگ میں بین الاقوامی یکجہتی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ رہنماؤں نے مشترکہ ڈیٹا بیس کے قیام کے ذریعے ممبر ممالک کی ضروریات کی نشاندہی کرنے کے لئے ایک 'ٹاسک فورس' تشکیل دینے کا بھی اعلان کیا جس میں کووڈ 19 کے خلاف جنگ میں ان ممالک کی بنیادی طبی، سماجی اور انسان دوست ضروریات کی عکاسی ہو سکے۔

**نئی دہلی**

**4 مئی، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release